غیر استعمال شدہ گاڑیوں (ای ایل وی) کے ری سائیکلنگ ایکٹ کی خلاف ورزی ہونے کی صورت میں 1 سال کی قید بامشقت یا 500000 ین کے جرمانہ کی سزا مل سکے گی۔

اور بغیر اجازت کے گاڑیاں توڑنا ردی کے بندوبست اور صفائی کے ایکٹ کی بھی خلاف ورزی ہے اور زیادہ سے زیادہ 5 سال کی قید بامشقت یا 10000000 ین (کمپنیوں کے لیے 300000000 ین) کے جرمانہ کی سزا مل سکے گی۔

خلاف ورزی 1

بغیر اجازت کے پرزہ اتارنا

آپ کو گاڑیاں توڑنے والے کی اجازت لینا ضروری ہے۔

غیر استعمال شدہ گاڑیوں سے پرزے اتارنے یا ان گاڑیوں کو ٹکڑے ٹکڑے کرنے (جیسے باڈی کٹوانے یا آگے کا حصہ اتارنے) کا کام گاڑی توڑنا سمجھا جاتا ہے۔ اجازت لیے بغیر یہ کارروائی کرنا قانون کی خلاف ورزی ہوتی ہے۔ آپ کو علاقائی حکومت سے اجازت لینا ضروری ہے۔

خلاف ورزی 2

اتارے ایئر بیگ کی دوبارہ فروخت

آپ کو ایسے ایئر بیگ گاڑی بنانے والے کے حوالے کرنا ضروری ہے۔

اجازت یافتہ گاڑی توڑنے والے کو ای ایل وی گاڑیوں میں ایئر بیگ اتارنا ہوتا ہے اور اسے گاڑی بنانے والے کے حوالے کرنا ہوتا ہے۔ اس لیے اتارے ایئر بیگ کو دوبارہ فروخت کرنا منع ہے۔ لیکن گاڑی توڑنے والے پر گاڑی بنانے والے کی منظوری ہو، تو ای ایل وی گاڑیوں کے اندر ایئر بیگ کو اتارے بغیر ختم کرنے کا کام کر سکتے ہیں۔



خلاف ورزی 3

بیٹری وغیرہ وصول کیے بغیر گاڑی توڑنا

آپ کو بیٹریز اور دوسرے خصوصی پرزے اتارنے ہوں گے۔

گاڑی توڑنے والے کو گاڑی دوسرے کے حوالے کرنے سے پہلے اس ای ایل وی گاڑیوں سے سارے پرزے اتارنے ہوتے ہیں۔ گاڑی توڑنے کے کام میں بیٹریز، ٹائرز، ردی تیل، ردی سیال کی وصولی اور اندر کی روشنی کی ٹیوب لائٹس کی وصولی بھی شامل ہے۔

خلاف ورزی 4

فلوروکاربنز وصول کیے بغیر توڑنا

آپ کو گاڑیاں توڑنے سے پہلے فلوروکاربنز وصول کرنا ضروری ہے۔

اجازت یافتہ فلورو کاربنز وصول کرنے والے کو گاڑی توڑنے سے پہلے فلورو کاربنز وصول کرنا ہوتا ہے۔ ہوا میں فلورو کاربنز پھیلانا فلورو کاربنز کی وصولی اور ماحول کی آلودگی کے ایکٹ کی خلاف ورزی ہے۔ آپ کو یہ فلورو کاربنز خود دوبارہ استعمال کرنا ہے یا گاڑی بنانے والے کے حوالے کرنا ہوتا ہے۔



غیر قانونی طور پر توڑی ہوئی گاڑی اور/یا گاڑی کے پرزے کی برآمد کی روک تھام کے لیے ای ایل وی گاڑیوں کے ری سائیکلنگ ایکٹ اور ردی کے بندوبست اور صفائی کے ایکٹ پر عمل کریں۔